# اسٹارٹ اپس کو بڑی اور پائیدار کمپنیوں میں تبدیل کرنا اگلا بڑا چیلنج

## معیشت میں نجی سرمایہ کاری رفتار پکڑ رہی ہے، سرکاری کام میں تاخیر کا پرانا تصور بدل رہا ہے، سیتا رمن کا اے آئی ایم اے آل انڈیا مینجمنٹ کانفرنس سے خطاب

نئی دہلی، (یو این آئی) وزیر مالیات نرملا سیتا رمن نے منگل کے روز کہا کہ معیشت میں اس وقت نجی شعبے کی سرمایہ کاری میں اضافہ واضح طور پر نظر آ رہا ہے اور سرکاری کام کاج کی آج کی رفتار نے اس پرانے تصور کو بدل دیا ہے کہ انتظامی کام ہے تو تاخیر ہوگی ہی مسز سیتا رمن یہاں مینجمنٹ کے شعبے کے اعلیٰ ادارے-آل انڈیا مینجمنٹ ایسوسی ایشن (اے آئی ایم اے) کی 53ویں آل انڈیا مینجمنٹ کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کے اندازاً سرمائے کے اخراجات کو 2026-27 میں بڑھا کر 12 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کر دیا گیا ہے۔ مؤثر سرمائے کا خرچ، جس میں ریاستوں کو سرمائے کے اثاثے بنانے کے لیے مرکز کی طرف سے دی جانے والی گرانٹس بھی شامل ہیں، 17 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہو گیا ہے۔ سیتا رمن نے کہا، حکومت نے نجی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی اور اسے راغب کرنے کے مقصد سے عوام کے سرمائے کے اخراجات کا حکمت عملی کے تحت استعمال کیا ہے اور اس کے نتیجے میں نجی سرمایہ کاری میں اضافہ واضح طور پر دکھائی دے رہا ہے۔" انہوں نے کہا کہ مالیاتی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں مجموعی مستحکم سرمائے کی تشکیل




مجموعی گھریلو پیداوار کے 34 فی صد سے زیادہ ہو گئی۔ اس میں حقیقی طور پر تقریباً 12 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جب کہ مینوفیکچرنگ کے شعبے میں صلاحیت کا استعمال بڑھ کر 75 فی صد ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار کو اس آپریشنل رفتار سے دوہری (بینکوں اور کمپنیوں کی) بیلنس شیٹ کے مسئلے (بینک کا قرض نہ چکا پانے والی کمپنیوں کو بینکوں سے قرض پر قرض ملنے کا مسئلہ) کے حل سے طاقت ملی ہے۔ انہوں نے کہا، "آج ہندوستان دوہری بیلنس شیٹ کے فائدے کی صورتحال میں ہے یعنی تجارتی بینکوں کے پاس قرض دینے کے لیے کافی سیالیت ہے اور کمپنیوں کی مالی حالت سرمایہ کاری کرنے کے لیے کافی مضبوط ہے۔"

وزیر مالیات نے کہا کہ صنعت کے شعبے کے لیے بینک قرض کی نمو میں بھی تیزی آئی ہے۔ اس سال جون میں بینکوں کے قرض کے کاروبار میں سالانہ بنیادوں پر 19 فیصد کا اضافہ درج کیا گیا۔ قرض ان لوگوں اور شعبوں تک پہنچ رہا ہے جنہیں اس کی ضرورت ہے۔ مسز سیتا رمن نے کہا کہ دوسرے ملکوں کے ساتھ ہندوستان کے آزادانہ تجارتی معاہدے (مختلف ایف ٹی ایز) ہندوستان کی محنت طلب اشیاء اور خدمات کے لیے نئی منڈیوں کے دروازے کھول رہے ہیں۔ انہوں نے تجارتی شعبے کو اس موقع کا فائدہ اٹھانے کی ترغیب دی۔ محترمہ سیتا رمن نے اس کانفرنس کے موضوع- مستقبل کے لیے تبدیلی: ثبات کے ساتھ نمو پر اپنے خطاب میں حکومت کے مختلف شعبوں میں کام کی رفتار میں تیزی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اہم بندرگاہوں پر جہازوں میں اینٹری اور ایگزٹ کا وقت ایک دہائی میں تقریباً آدھا ہو گیا ہے، ریل نیٹ ورک اب تقریباً پوری طرح سے برقی ہو چکا ہے اور مال برداری بڑھ کر ریکارڈ 1.67 کروڑ ٹن تک پہنچ گئی ہے نیز ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کے ذریعے اگست 2026 میں روزانہ اوسطاً تقریباً 79 کروڑ لین دین ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستیں سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے ایک دوسرے سے مقابلہ کر رہی ہیں اور اس مقابلے کے نتیجے میں اعلیٰ قدر والی سرگرمیاں کوئمبٹور، وڈودرا، وشاکھاپٹنم، اندور، بھونیشور اور جے پور جیسے ٹائر- 2 اور ٹائر- 3 مراکز تک پھیل رہی ہیں۔ سیمی کنڈکٹر مشن 2.0 بھی اسی ماڈل پر مبنی ہے، جس میں مرکز کے تیار کردہ فریم ورک کے ساتھ ریاستوں کے ذریعے مؤثر عمل آوری کو جوڑا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ جولائی 2024 میں اقتدار میں واپس آنے کے بعد نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) حکومت نے اپنے پہلے بجٹ میں اصلاحات اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے پر زور دیا، جس سے بالآخر روزگار اور روزی روٹی کے مواقع بڑھتے ہیں۔ اس سے ہمیں ترقی اور مضبوطی مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پہلی بار نوکری دینے پر انسینٹیو دیا، آلات کار کے ریٹائرمنٹ کنٹری بیوشن کا کچھ حصہ بھرا اور کارپوریٹ انٹرنشپ شروع کی- یہ تمام روزگار سے جڑے انسینٹیو (ای ایل آئی) اسکیموں کے تحت کیے گئے۔ وزیر مالیات نے کہا کہ مالیاتی سال 2025-26 کے بجٹ میں انکم ٹیکس کی شرحوں میں کٹوتی کی گئی اور سلیب کا دائرہ بڑھایا گیا، جس سے خرچ کرنے کے قابل آمدنی اور کل مانگ میں اضافہ ہوا۔ ہمارا مقصد صرف اپنانا نہیں، بلکہ قیادت کرنا ہونا چاہیے۔ انہوں نے مینجمنٹ کی دنیا کو نئی سوچ کے ساتھ آگے بڑھنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا، "دہائیوں سے ہم نے کائیزن سے لے کر لین مینوفیکچرنگ تک دوسری جگہوں پر تیار کردہ مینجمنٹ کے طریقوں سے سیکھا ہے۔ اگلا قدم اپنے یہاں مینجمنٹ کے ایسے طریقے بنانا ہے جن کا دنیا مطالعہ کرے اور ایسے معیارات قائم کرنے ہیں جو عالمی اصول بن جائیں۔" وزیر مالیات نے کہا، "اس کے لیے مسلسل کوششوں کی ضرورت ہوگی۔

# مساجد کے انہدام اور آئین ہند کی پامالی پر جمعیۃ کی مجلسِ عاملہ کا ہنگامی اجلاس

نئی دہلی، (یو این آئی) ملک کی موجودہ صورتِ حال بالخصوص آئین ہند کی پامالی و مذہبی آزادیوں سے متعلق پیدا ہونے والے مختلف مسائل کے پیش نظر جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس 23 ستمبر 2026 بروز بدھ نئی دہلی میں منعقد ہوگا۔ یہ اجلاس جمعیۃ علماء ہند کے صدر مولانا محمود اسعد مدنی کی صدارت میں صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک مدنی ہال، مرکزی دفتر جمعیۃ علماء ہند، بہادر شاہ ظفر مارگ، نئی دہلی میں ہوگا جس میں ملک بھر سے مجلس عاملہ کے ارکان کی شرکت متوقع ہے۔ اجلاس کے اہم ایجنڈے میں انتظامیہ اور عدلیہ کے بعض اقدامات کے تناظر میں شریعت سے متعلق معاملات میں مداخلت اور مذہبی آزادی کے تحفظ کے مسائل شامل ہیں۔ اس کے علاوہ عبادت گاہوں، خصوصاً مساجد، اور مدارسِ اسلامیہ کو درپیش موجودہ چیلنجز کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ جمعیۃ علماء ہند کا یہ موقف ہے کہ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، مذہبی آزادی اور تمام شہریوں کے مساوی حقوق کا تحفظ ملک کے اتحاد و سالمیت کی بنیادی ضرورت ہے۔ لہٰذا ان معاملات سے متعلق پیدا ہونے والی صورتِ حال گہری فکر و تشویش کی متقاضی ہے۔ چنانچہ مجلسِ عاملہ ان امور پر اجتماعی طور پر غور کرے گی اور آئندہ کے لائحۂ عمل کے سلسلے میں فیصلہ کرے گی۔

# آسام: معروف گلوکار سمنتا شیکھر نے بی جے پی کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دیا

گوہاٹی (ایجنسی) آسامی گلوکار اور بی جے پی لیڈر سمنتا شیکھر نے منگل کو بھارتیہ جنتا پارٹی اور آسام اسٹیٹ فلم فائنانس اینڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیئرمین کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انہوں نے ذاتی وجوہات کا حوالہ دیا اور واضح کیا کہ مستقبل میں کسی دوسری سیاسی جماعت میں شامل نہیں ہوں گے۔ ان کا استعفیٰ آسام بی جے پی کے لیے ایک بڑا جھٹکا مانا جا رہا ہے۔ انہوں نے بی جے پی کی آسام ریاستی ایگزیکٹو کمیٹی اور پارٹی کی بنیادی رکنیت سے بھی استعفیٰ دے دیا ہے۔ حالانکہ آسام حکومت کی سرکاری ویب سائٹ پر فی الحال سمنتا شیکھر کا نام چیئرمین کے طور پر درج ہے۔ رپورٹس کے مطابق سمنتا شیکھر نے آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما اور ریاستی بی جے پی صدر دلیپ سائکیا کو اپنا استعفیٰ سونپا ہے۔ انہوں



نے ذاتی وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے بی جے پی کی بنیادی رکنیت اور اپنے عہدے سے استعفیٰ دیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا ہے کہ وہ مستقبل میں کسی بھی سیاسی پارٹی میں شامل نہیں ہوں گے۔ استعفیٰ دینے کے بعد انہوں نے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا اور کہا کہ انہیں امید ہے کہ ان کی قیادت میں آسام کی ترقی جاری رہے گی۔ سمنتا شیکھر آسام کے معروف گلوکار، موسیقار اور میوزک پروڈیوسر ہیں۔ ان کی پیدائش 18 مئی 1985 کو آسام کے تیہو میں ہوئی تھی۔ اسکول کے زمانے سے ہی وہ گلوکار بننا چاہتے تھے۔ موسیقی میں کیریئر بنانے سے قبل انہوں نے ڈبروگڑھ یونیورسٹی سے فارماسیوٹیکل سائنس کی تعلیم حاصل کی تھی، لیکن اپنے دل کی آواز سننے کے لیے انہوں نے اس شعبے کو چھوڑ دیا۔ ان کا پہلا مقبول گانا 'تورا دوئی' کافی ہٹ ہوا تھا۔ وہ 2013 میں کوک اسٹوڈیو میں گلوکار پاپون کے ساتھ 'جھومور' میں نظر آئے تھے۔ موسیقی کے شعبے میں مقبولیت حاصل کرنے کے بعد سمنتا شیکھر نے بی جے پی کے ساتھ فعال سیاست میں قدم رکھا تھا۔ 2022 میں وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے انہیں آسام اسٹیٹ فلم فائنانس اینڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کا چیئرمین مقرر کیا تھا۔

# تہواروں کے موقع پر آدھی رات تک لاؤڈ اسپیکر اور آتش بازی پر ہائی کورٹ سخت، مہاراشٹر حکومت سے جواب طلب

ممبئی (ایجنسی) تہواروں اور جلوس کے دوران آدھی رات تک تیز آواز میں لاؤڈ اسپیکر، میوزیکل انسٹرومنٹ اور ایمپلی فائر بجانے کے معاملے میں بامبے ہائی کورٹ نے سخت موقف اختیار کیا ہے۔ عدالت نے ممبئی میں بڑھتی ہوئی صوتی اور فضائی آلودگی کا از خود نوٹس لیتے ہوئے مہاراشٹر حکومت سے جواب طلب کیا ہے۔ عدالت نے سوال اٹھایا کہ جب اصول وضوابط کے مطابق رات 10 بجے کے بعد لاؤڈ اسپیکر اور ایمپلی فائر کے استعمال کی اجازت نہیں ہے، تو جلوسوں میں آدھی رات تک تیز آوازیں کیوں ہوتی ہیں۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ ممبئی میں آلودگی کی صورتحال سنگین ہے، جس کے مدنظر پٹاخوں پر پابندی عائد کرنے پر غور کرنے کا یہ صحیح وقت ہو سکتا ہے۔ جسٹس جی ایس کلکرنی اور جسٹس نیلا گوکھلے کی ڈویژن بینچ نے 21 ستمبر کے حکم میں کہا کہ تہوار منانے اور جلوس نکالنے پر کوئی اعتراض نہیں ہے، لیکن اس کا انعقاد اس طرح کیا جانا چاہیے کہ عام شہریوں کے حقوق متاثر نہ ہوں۔ عدالت نے کہا کہ تیز آواز کا اثر خصوصاً بیمار افراد، بزرگوں اور طلباء پر پڑتا ہے۔ عدالت نے کہا کہ تقریبات ضروری ہیں، لیکن ہزاروں شہریوں کے قانونی حقوق کی خلاف ورزی کر کے نہیں۔ لوگوں کو



مسلسل ہونے والے شور اور اس سے ہونے والی پریشانی کو خاموشی سے برداشت کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت نے آدھی رات تک لاؤڈ اسپیکر اور تیز موسیقی بجانے کی اجازت دیے جانے کی دلیل پر سوال اٹھایا۔ بینچ نے کہا کہ جب ایسے آلات کے استعمال کی اجازت رات 10 بجے تک ہی ہے، تو جلوسوں میں رات 12 بجے تک تیز آواز میں موسیقی بجانے کی اجازت دینے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی۔ عدالت نے شور پر قابو پانے سے متعلق ضوابط کو زمینی سطح پر نافذ نہ کیے جانے پر بھی تشویش ظاہر کی۔ اسی معاملے کو لے کر عدالت نے از خود نوٹس لیتے ہوئے مفاد عامہ کی عرضی شروع کی ہے۔ ممبئی میں فضائی آلودگی کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے ہائی کورٹ نے پٹاخوں کے حوالے سے بھی سخت تبصرہ کیا۔ عدالت نے کہا کہ یہ صحیح وقت ہو سکتا ہے، جب شور اور فضائی آلودگی پھیلانے والے پٹاخوں پر پابندی عائد کرنے پر غور کیا جائے۔ عدالت کا کہنا ہے کہ پٹاخوں سے نکلنے والا دھواں اور شور ماحول کو متاثر کرتا ہے۔ ایسے میں صحت مند ماحول برقرار رکھنے کے لیے اس معاملے پر سنجیدگی سے غور کرنا ضروری ہے۔ ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو حکم میں اٹھائے گئے مسائل پر حلف نامہ داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ معاملے کی اگلی سماعت 22 ستمبر کو ہوگی۔ ریاستی حکومت کی جانب سے ایڈووکیٹ جنرل ملند ساٹھے اور ایڈیشنل سرکاری وکیل پی این دیوان پیش ہوئے۔ اسی دوران ہائی کورٹ کی دوسری بینچ نے پونے کے رہائشیوں کی ایک مفاد عامہ کی عرضی پر بھی مہاراشٹر حکومت سے جواب طلب کیا ہے۔ 2016 میں شور کی آلودگی سے متعلق عدالت کے فیصلے کو مقررہ وقت کے اندر نافذ کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ عرضی گزاروں نے شور سے متعلق ضوابط کی خلاف ورزی کی نگرانی کے لیے ایک آزاد تھرڈ پارٹی ایجنسی مقرر کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ عدالت نے سینئر ایڈووکیٹ ایس پی چنوئے اور ایڈووکیٹ آنند پائی کو امیکس کیوری مقرر کیا ہے۔

# ایم ڈی آر سے بینکوں کی کمائی شروع ہونے پر ختم ہو سکتی ہے سبسیڈی

## حکومت منصوبہ بندی میں مصروف!، بجٹ میں 2 ہزار کروڑ روپے رکھے مگر نئی رقم جاری نہیں کی

نئی دہلی۔ (ایجنسی) ہندوستان میں ڈیجیٹل ادائیگی آج ہر کسی کی زندگی کا اہم حصہ بن چکی ہے۔ شہر سے لے کر گاؤں تک ہر جگہ یو پی آئی کا استعمال عام ہو گیا ہے۔ اس ادائیگی کے نظام کو اتنا بڑا اور مضبوط بنانے کے لیے حکومت نے مسلسل بینکوں کو مالی مدد فراہم کی ہے۔ لیکن اب یو پی آئی ایکو سسٹم پوری طرح بدل رہا ہے۔ حکومت کم مالیت کے یو پی آئی لین دین پر ملنے والی سبسڈی بند کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ اس کے پیچھے سب سے بڑی وجہ بڑے لین دین پر مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ (ایم ڈی آر) کا نافذ ہونا ہے۔ بڑی ادائیگیوں پر ایم ڈی آر کے ذریعہ بینکوں کی آمدنی کا راستہ صاف ہو گیا ہے۔ ایسے میں حکومت کو لگ رہا ہے کہ جب بینک خود پیسہ کمانے لگیں گے تو اب سرکاری خزانے سے سبسڈی دینے کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے۔

قابل ذکر ہے کہ گزشتہ کچھ عرصہ میں ڈیجیٹل لین دین کی دنیا میں کئی بڑی تبدیلیاں دیکھنے کو ملی ہیں۔ حکومت نے بڑے مرچنٹ پیمنٹس پر ایم ڈی آر نافذ کر دیا ہے۔ 15 اکتوبر 2026 سے این پی سی آئی کے نئے قواعد کے تحت 2,000 روپے سے زیادہ کی منتخب یو پی آئی مرچنٹ (پی 2 ایم) ادائیگیوں پر 0.4 فیصد کا مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ (ایم ڈی آر) نافذ ہو جائے گا۔ جیسے ہی بڑی ادائیگیوں پر ایم ڈی آر سے آمدنی شروع ہوگی، حکومت اپنی مالی مدد کی اسکیم کو سمیٹنے کی تیاری کر رہی ہے۔ اب پیمنٹ کمپنیوں کے ساتھ ساتھ بینکوں کو نیٹورک سے براہ راست لین دین پر مبنی آمدنی ملنے لگے گی۔ جب پورا نظام خود آمدنی پیدا کرنے لگے گا تو حکومت چھوٹی ادائیگیوں پر اپنی طرف سے دی جانے والی مالی مدد روکنا چاہتی ہے۔ 'اکنامکس ٹائمز' کی ایک رپورٹ کے مطابق مالی سال 2027 کے لیے حکومت نے 2,000 کروڑ روپے کا بجٹ تو رکھا تھا، لیکن عملی طور پر اپریل 2025 کے بعد سے کوئی بھی نئی سبسڈی جاری نہیں کی گئی ہے۔ اس ممکنہ فیصلے کے پیچھے ایک بہت بڑی وجہ ٹیکس دہندگان کا پیسہ بچانا ہے۔ بینکنگ شعبہ سے وابستہ ایک سینئر افسر کے مطابق بڑی ادائیگیوں پر ایم ڈی آر نافذ کرنے کا بنیادی مقصد ہی یہ ہے کہ ڈیجیٹل پیمنٹ ایکو سسٹم ٹیکس دہندگان کے پیسوں پر منحصر نہ رہے۔ افسر نے واضح طور پر بتایا کہ گزشتہ تقریباً ڈیڑھ سال سے حکومت کی طرف سے کوئی بھی نئی سبسڈی نہیں دی گئی ہے۔ حکومت بالکل نہیں چاہتی تھی کہ ٹیکس دہندگان کی خون پسینے کی کمائی سے بڑے بڑے تاجروں کو ہونے والی ادائیگیوں پر کوئی چھوٹ دی جائے۔




اگر ہم گزشتہ چند سال کے سرکاری اعداد و شمار پر نظر ڈالیں تو پتہ چلتا ہے کہ حکومت آہستہ آہستہ اپنا ہاتھ پیچھے کھینچ رہی تھی۔ مالی سال 2024 میں یو پی آئی ترغیبی رقم کے طور پر بینکوں کو 3,631 کروڑ روپے تقسیم کیے گئے تھے۔ وہیں مالی سال 2025 میں یہ اعداد و شمار تیزی سے گر کر محض 1,046 کروڑ روپے رہ گیا۔ فنڈ میں آئی اس بڑی کمی سے واضح اشارہ مل رہا تھا کہ حکومت جلد ہی اس ترغیبی اسکیم کو پوری طرح بند کر سکتی ہے۔ اب ایم ڈی آر سے آمدنی حاصل ہونے کی بات نے اس عمل کو مزید تیز کر دیا ہے۔ ملک بھر میں ڈیجیٹل ادائیگی کو فروغ دینے کے لیے حکومت نے بڑا قدم اٹھایا تھا۔ جنوری 2020 میں یو پی آئی اور روپے ڈیبٹ کارڈ ادائیگیوں پر ایم ڈی آر کو پوری طرح صفر کر دیا گیا تھا۔ اس وقت صفر ایم ڈی آر کی وجہ سے بینکوں کو ہونے والے نقصان کی تلافی کے لیے حکومت نے یہ سبسڈی اسکیم شروع کی تھی۔ اس کا بنیادی مقصد چھوٹے دکانداروں کو ڈیجیٹل ادائیگی اپنانے کے لیے ترغیب دینا تھا۔ اس کے علاوہ ٹائر- 2، ٹائر- 3 شہروں سے لے کر دیہی علاقوں تک محفوظ ادائیگی کا بنیادی ڈھانچہ تیار کرنا بھی حکومت کا مقصد تھا۔

# ملک کو کم از کم پانچ ایئر لائنز کی ضرورت ہے: نائیڈو

نئی دہلی، (یو این آئی) شہری ہوابازی کے وزیر کنجراپو رام موہن نائیڈو نے منگل کو کہا کہ ملک کے ہوابازی کے شعبے میں صرف دو ایئر لائنز کا تسلط درست نہیں ہے اور مستقبل کی مانگ کو دیکھتے ہوئے 100 طیاروں کے ساتھ کم از کم پانچ ایئر لائنز کی ضرورت ہے۔ اڑان- 2 کے تحت 21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ساتھ مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کرنے کے بعد، ملک کے چھوٹے ہوائی اڈوں کو ہوابازی کے نیٹ ورک سے جوڑنے کے لیے ایک علاقائی رابطہ اسکیم شروع کی گئی، مسٹر نائیڈو نے کہا کہ پچھلے 12 سالوں میں اڑان کے تحت 95 نئے ہوائی اڈے، 17 ہیلی پورٹ اور دو واٹر ایروڈوم بنائے گئے ہیں۔ اگلے 10 برس میں اڑان- 2 کے تحت 100 نئے ہوائی اڈے بنانے کا منصوبہ ہے۔ ایک بڑا چیلنج یہ ہے کہ ملک میں دستیاب طیاروں کی تعداد ان راستوں پر چلانے کے لیے ناکافی ہے،" انہوں نے ریاستوں پر زور دیا کہ وہ ایئر لائنز کے ساتھ مل کر کام کریں۔ ایک دوسرے بڑے چیلنج کے طور پر انہوں نے نئی ایئر لائنز کے قیام کی وکالت کی اور ریاستوں پر زور دیا کہ وہ علاقائی ایئر لائنز کی حوصلہ افزائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں صرف دو ایئر لائنز کا غلبہ اچھا نہیں ہے۔ وہ انڈیگو اور ایئر انڈیا کا حوالہ دے رہے تھے، جن کا ایک ساتھ مسافروں کی تعداد کے لحاظ سے 90 فیصد کے قریب مارکیٹ شیئر ہے، صرف انڈیگو کے پاس 65 فیصد سے زیادہ ہے۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے مسٹر نائیڈو نے کہا کہ ملک کو 100 یا اس سے زیادہ طیاروں کے ساتھ کم از کم پانچ ایئر لائنز کی ضرورت ہے۔

# آئی آئی ٹی ممبئی کے باہر احتجاج پر درجنوں کارکن زیر حراست

ممبئی، (یو این آئی) آئی آئی ٹی ممبئی کے طالب علم ساحل وکوڈے کی موت کے معاملے میں منگل کے روز ادارے کے مرکزی دروازے کے باہر احتجاج کرنے والے ریپبلکن پارٹی آف انڈیا آٹھوالے اور بھارت مکتی مورچہ سے وابستہ درجنوں کارکنوں کو پولیس نے حراست میں لے لیا۔ ایک پولیس افسر کے مطابق کارکن ساحل وکوڈے کے لیے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کر رہے تھے اور انہوں نے مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس کے استعفے کا بھی مطالبہ کیا۔ احتجاج کے دوران کارکنوں نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے اور نعرے لگائے۔ ایک سینئر پولیس افسر نے بتایا کہ بھارت مکتی مورچہ کے کارکن بغیر اجازت آئی آئی ٹی بمبئی کے مرکزی دروازے کے باہر جمع ہوئے تھے۔ پولیس نے انہیں فوری طور پر وہاں سے ہٹایا اور احتیاطی طور پر حراست میں لے کر مزید قانونی کارروائی کے لیے پوائی پولیس اسٹیشن پہنچایا۔ اس کے کچھ ہی دیر بعد رام داس آٹھوالے کی قیادت والی ریپبلکن پارٹی آف انڈیا آٹھوالے کے کارکن بھی ادارے کے مرکزی دروازے کے قریب جمع ہوئے اور ساحل وکوڈے کے حق میں نعرے لگانے لگے۔

# ایودھیا میں منظم طریقے سے چڑھاوا چوری کے سرغناؤں کو بچانے کی کارروائی چل رہی ہے: کانگریس

نئی دہلی، 22 ستمبر (یو این آئی) کانگریس نے شری رام مندر میں چڑھاوا چوری کے معاملے میں تین ماہ بعد بھی چارج شیٹ داخل نہ ہونے کو سرغناؤں کو بچانے کی کوشش قرار دیتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ بی جے پی کی ڈبل انجن حکومتیں ایس آئی ٹی کے نام پر بڑے چوروں کو بچانے کی کارروائی کر رہی ہیں۔ کانگریس کے کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے انچارج جے رام رمیش نے منگل کو سوشل میڈیا 'ایکس' پر کہا کہ چڑھاوا چوری کے معاملے میں تحقیقات شروع ہوئے تین ماہ پورے ہونے میں صرف تین دن باقی ہیں لیکن ابھی تک ملزمان کے خلاف چارج شیٹ داخل نہیں کی گئی ہے۔ اگر 25 ستمبر تک چارج شیٹ داخل نہ ہوئی تو چڑھاوا چوری کے معاملے کے چھوٹے کرداروں کی ضمانت کا راستہ صاف ہو جائے گا۔ مسٹر رمیش نے کہا کہ ملک کے عوام کو ایسی ایس آئی ٹی اور ایسی کسی سرکاری چارج شیٹ پر بھروسہ نہیں ہے جس میں بڑی مچھلیوں کو بچانے کے خدشات برقرار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ کہتے تھے کہ کچھ بھی رپورٹ کرنے کے قابل نہیں ہے، ان کی اپنی تحقیقات اب تسلیم کر رہی ہے کہ چڑھاوا چوری 70 نہیں بلکہ سی سی ٹی وی میں 105 بار سامنے آ چکی ہے جسے وہ چاہ کر بھی مسترد نہیں کر پا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چارج شیٹ داخل کرنے میں تاخیر کیوں ہو رہی ہے، یہ سمجھنا مشکل نہیں ہے اور معاملہ بڑے چوروں اور ان کے سرپرستوں سے توجہ ہٹانے کا ہے۔

# فلسطین کی حمایت میں پتنگ بازی کی تقریب منعقد کرنے کے بعد گھر پہنچ گئی پولیس

ممبئی (ایجنسی) ممبئی کے سانتا کروز علاقے میں رہنے والی پوسٹ گریجویٹ طالبہ ہرشدا بوراڈے نے الزام لگایا کہ فلسطین کی حمایت میں پتنگ اڑانے پر ان سے زبردستی اور غیر قانونی طور پر پوچھ گچھ کی گئی۔ غزہ کے بچوں کی حمایت میں 15 ستمبر کو ممبئی کے باندرہ علاقے میں پتنگ بازی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ایونٹ کے دو دن بعد، ممبئی پولیس نے حصہ لینے والے کچھ نوجوانوں اور خواتین سے پوچھ گچھ شروع کی۔ نیوز پورٹل 'اے بی پی' پر شائع خبر کے مطابق ہرشدا بوراڈے نے الزام لگایا کہ پولیس پیشگی اطلاع یا سرکاری وارنٹ کے بغیر ان کے سانتا کروز کے گھر میں داخل ہوئی۔ ان کا دعویٰ ہے کہ گھر اور اس کے ذاتی سامان کی تلاشی لی گئی، اور اس سے آدھی رات تک پوچھ گچھ کی گئی۔ ہرشدا نے یہ بھی الزام لگایا کہ اس کے روم میٹ کے سامان اور ذاتی سامان کی بھی تلاشی لی گئی جو اس تقریب میں شریک نہیں ہوئے تھے۔ بوراڈے نے بتایا کہ اس کے بعد مالک مکان نے انہیں مکان خالی کرنے کو کہا۔ ہرشدا نے بتایا کہ 15 پولیس والوں نے جمعہ کی شام 5 بجے سے ہفتہ کی صبح 3 بجے تک ان کے گھر کی تلاشی لی۔ اس دوران انہوں نے اسے کوئی قانونی نوٹس یا وارنٹ نہیں دکھایا۔ ہرشدا نے بتایا کہ جب اس نے ان سے ان کی شناخت پوچھی تو انہوں نے انکار کر دیا اور وہ سب زبردستی گھر میں گھس گئے۔ اس کی نوٹ بک اور ڈائریاں چیک کی گئیں، کتابوں کے نام نوٹ کیے گئے، اس کے سامان کی تصاویر لی گئیں، اور ویڈیوز بھی بنائی گئیں۔ تاہم پولیس نے ان الزامات کی تردید کی ہے۔ اس معاملے کے بارے میں پولیس نے بتایا کہ قانون کے تحت طے شدہ طریقہ کار کے مطابق تفتیش کی گئی۔ پولیس نے یہ بھی واضح کیا کہ کسی کو غیر قانونی طور پر حراست میں نہیں لیا گیا ہے۔ فی الحال پولیس کی تفتیش اور خواتین کی جانب سے لگائے گئے الزامات کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔

# بھساول کی ممتاز شخصیت ڈاکٹر محمود حسین کی رحلت

ممبئی (ندیم صدیقی) بھساول کی ممتاز اور معزز شخصیت (92 سالہ) ڈاکٹر محمود حسین طویل علالت کے بعد گزشتہ دن (پیر) 21 ستمبر کی دوپہر انتقال کر گئے۔ ناگپور کے ممتاز شاعر و ادیب اور ماہرِ آثارِ قدیمہ خواجہ غلام السیدین ربانی نے ناگپور سے اپنے خسر محترم کی سناونی دیتے ہوئے بتایا کہ ڈاکٹر محمود حسین 15 اگست 1934ء کو ناگپور میں پیدا ہوئے تھے، اُن کے والد رضا حسین ریلوے میں ملازم تھے، جب اُن کا بھساول تبادلہ ہو گیا تو وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ یہیں منتقل ہو گئے، سو (ڈاکٹر) محمود حسین کی ابتدائی تعلیم بھساول کے انجمن اسکول میں ہوئی، پھر وہ جلگاؤں کے ایم جی (مہاتما گاندھی) کالج میں داخل ہو گئے، 1960ء میں محمود حسین نے علیگڑھ مسلم یونیورسٹی سے BUMS کیا اور بھساول آ گئے جہاں 1962ء سے تاحال انہوں نے طبّی خدمات انجام دیں۔ وہ بھساول ضلع میں لقوے اور



فالج کے ماہر کے طور پر اپنا ایک امتیازی تشخص رکھتے تھے، بہ حیثیت طبیب ان کی شہرت اس درجہ تھی کہ بھساول کے ایک میڈیکل اسٹور کے روحِ رواں اگروال جی کا کہنا ہے کہ اُن کے پاس صرف بھساول یا اطراف ہی کے لوگ نہیں بلکہ ملک بھر سے مریض شفا کی امید لے کر آتے تھے۔ بھساول کے معروف شاعر صابر پرواز نے بتایا کہ مشہور شاعر شکیل بدایونی بھی ان کے زیر علاج رہ چکے ہیں۔ ڈاکٹر محمود حسین پورے بھساول میں 'محسنِ ادب' کے لقب سے یاد کیے جاتے تھے، ڈاکٹر محمود حسین بھساول کے ڈاکٹروں کی انجمن (ڈاکٹرز ایسوسی ایشن) کے صدر بھی تھے۔ انھیں اُردو زبان و ادب سے ایک خاص تعلق تھا، اُن کی زبان دانی اور اُردو کا شستہ لہجہ مثالی تھا، چونکہ بھساول اپنے دَور میں مشاعروں کے لیے ملک بھر میں مشہور تھا، وہ اُس دَور کے مشاعروں کے روحِ رواں تھے۔ ڈاکٹر محمود حسین فطری طور پر حساس طبیعت کے حامل تھے، کسی ضرورت مند کو دیکھ کر وہ بے چین ہو جاتے تھے اور اپنی استطاعت بھر مدد کرتے تھے۔ بھساول کے تعلیمی، ادبی اور سیاسی حالات پر اُن کی خاصی گرفت تھی، انھیں ایک بار کانگریس نے الیکشن میں ٹکٹ دینے کی پیشکش کی مگر عوام کی مرضی کے آگے انہوں نے یہ پیشکش مسترد کر دی اور آزادانہ طور پر مہاراشٹرا اسمبلی کے لیے الیکشن لڑا، مگر بہت معمولی ووٹوں سے شیوسینا کے اُمیدوار سے وہ ہار گئے۔

# 'ریاست میں بچیاں محفوظ نہیں، واقعہ انتہائی سنگین اور شرمناک'

## تیجسوی یادو نے جموئی واقعہ پر بہار حکومت کو گھیرا، خواتین اور بچیوں کی سلامتی پر سوال اٹھائے

پٹنہ: بہار اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کے قومی ورکنگ صدر تیجسوی یادو نے جموئی واقعہ کو انتہائی سنگین اور شرمناک قرار دیتے ہوئے ریاستی حکومت کو قانون و انتظام کے معاملے پر سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ منگل کو پریس کانفرنس میں انہوں نے خواتین اور بچیوں کی سلامتی پر سوال اٹھاتے ہوئے حکومت سے جواب طلب کیا اور وزیر اعلیٰ سمراٹ چودھری سے ان کے سابقہ بیان کے حوالے سے استعفے کا مطالبہ کیا۔ تیجسوی یادو نے کہا کہ جموئی میں پیش آنے والے واقعہ کو کسی بھی صورت معمولی یا الگ تھلگ واقعہ نہیں سمجھا جا سکتا۔ ان کے مطابق ریاست میں خواتین اور بچیاں خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہی ہیں۔ انہوں نے حکومت کے بعض رہنماؤں کے ان بیانات کا بھی حوالہ دیا، جن میں اس طرح کے واقعات کو 'چھٹ پٹ' یا 'انفرادی' واقعہ قرار دیا گیا تھا۔ تیجسوی نے کہا کہ ایسے



واقعات کی سنگینی کو کم کر کے نہیں دیکھا جانا چاہیے۔

جموئی معاملے میں پولیس کارروائی پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے تیجسوی نے کہا کہ پولیس کے مطابق واقعے میں سات سے آٹھ افراد کے ملوث ہونے کی بات سامنے آئی ہے، اس لیے تمام ملزمان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ منگل کو پولیس نے مبینہ مرکزی ملزم نندن یادو کو ایک مڈبھیڑ کے دوران ٹانگ میں گولی لگنے کے بعد گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران مڈبھیڑ ہوئی اور ملزم زخمی ہو گیا۔ اس سے قبل تین ملزمان کو گرفتار کیا جا چکا تھا، جبکہ معاملے کی تفتیش کے لیے خصوصی تحقیقاتی ٹیم (ایس آئی ٹی) تشکیل دی گئی ہے۔

تیجسوی یادو نے مڈبھیڑ کی کارروائی کی شفافیت پر بھی سوال اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو واضح کرنا چاہیے کہ مڈبھیڑ کن حالات میں ہوئی اور پولیس کارروائی کے دوران کیا طریقہ کار اختیار کیا گیا۔ ان کے مطابق جرائم میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی ضروری ہے، لیکن ہر کارروائی میں جواب دہی اور شفافیت بھی یقینی بنائی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جموئی واقعے میں ملوث تمام افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے اور متاثرہ خاندان کو انصاف ملنا چاہیے۔ تیجسوی نے خواتین اور بچیوں کے خلاف حالیہ دیگر واقعات کا بھی ذکر کیا اور حکومت سے ان معاملات میں اب تک کی کارروائی کی تفصیلات بتانے کا مطالبہ کیا۔

# کمسن طالبہ کے ساتھ زیادتی کیس کا ملزم پانچ گھنٹے میں گرفتار

دربھنگہ، (یو این آئی) بہار کے دربھنگہ ضلع کے جمال پور تھانہ علاقے میں پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایک نابالغ طالب علم کے ساتھ بدسلوکی اور دکاندار پر حملہ کرنے کے معاملے میں پانچ گھنٹے کے اندر ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ جمال پور پولیس اسٹیشن کے انچارج مکیش کمار کے مطابق 21 ستمبر کو صبح تقریباً 9 بجے، ایک نابالغ طالبہ کیرت پور گاؤں کے ہائی اسکول جا رہی تھی۔ موٹر سائیکل پر سوار دو نوجوانوں نے اس کا پیچھا کیا اور اسے مارنا شروع کر دیا۔ لڑکی نے خطرے کی گھنٹی بجائی تو مقامی دکانداروں اور گاؤں والوں نے احتجاج کیا جس کے بعد دونوں نوجوانوں نے دکاندار کے ساتھ مارپیٹ کی۔ لوگ جمع ہو گئے تو دونوں نوجوان موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ گاؤں والوں نے واقعہ کی اطلاع ڈائل 112 پر دی۔ اطلاع ملنے پر پولیس کی ایک ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچی اور جمال پور تھانے کو اطلاع دی۔ جمال پور پولیس اسٹیشن میں مقدمہ نمبر 97/2026 درج کیا گیا۔

